© rasailojaraid.com

آرٹ کارڈ کے چہار رنگا ٹائٹل کے ساتھ، پرنٹنگ، کاغذ بھی معیاری ہے۔ (تبصرہ: ابوالادیب)

**فتح الرحمٰن فی اثبات مذہب النعمان**

تالیف: امام محدث عبدالحق بن سیف الدین دہلوی (تین جلد)

ملنے کا پتا: عتیق اکیڈمی بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

''شیخ عبدالحق محدث دہلوی مرحوم'' ہمارے اسلاف میں ایک جانا پہچانا نام ہے۔ ان کی علمی وتحقیقی تحریریں سند کا درجہ رکھتی ہیں۔ ان کی کتاب ''فتح الرحمٰن فی اثبات مذہب النعمان'' جس میں کتاب الطہارت، کتاب الصلوٰۃ، کتاب الصوم، کتاب الزکوٰۃ، کتاب الحج پر امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات سے مرصع کیا گیا ہے۔ اس نایاب کتاب کو عتیق اکیڈمی نے بڑی محنت سے طبع کروایا ہے گو کہ کتاب عربی میں ہے مگر بالکل آسان ہے جس سے منتہی طلباء مدارس اور علماء کرام برابر فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ خصوصاً ایسے علماء جو ملک میں مذہب حنفیہ کی ترویج واشاعت میں مگن ہیں ان کے لئے ایک معلومات کا بڑا خزانہ ہے۔ (تبصرہ: مولانا محمد مغیرہ)

''بامقصد شاعری کے رنگ ذرا مدھم بھی ہوں تو بے مقصد شاعری سے کہیں زیادہ پختہ ہوتے ہیں۔ باعفت خاتونِ خانہ کے حسن کا جادو سرچڑھ کر نہ بھی بولتا ہو مگر اس کے کردار کا مقابلہ زنِ بازاری کے بس کی بات نہیں۔ حبیب الرحمٰن بٹالوی کی شاعری میں عشوہ طرازیاں تو نہیں مگر وفا شعاریاں بدرجہ اتم موجود ہیں۔ اب ایسی مقصدیت سے بھرپور شاعری کم کم نظر آتی ہے۔'' (خالد مسعود خان)

# چمن خیال

شعری مجموعہ: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی

عنقریب شائع ہو رہا ہے

بخاری اکیڈمی، دارِ بنی ہاشم، مہربان کالونی ملتان فون: 061-511961



© rasailojaraid.com